# Lutie Lewis Coates والدین کیلئے کتابچہ

## خاندان کیساتھ سفر

FCPS گھرانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اسکول کی طے شدہ چھٹیوں میں سفر کے پروگرام بنائیں ۔ اسکول سسٹم کی طرف سے تعلیمی سال میں بنائے جانیوالے ٹرپس کی سختی سے حوصلہ شکنی کی جاتی ہے کیونکہ ایسی لمبی چھٹیوں کی وجہ سے تعلیم میں خلل پڑتا ہے ۔ FCPS کو ایسے طالبعلم کا اندراج ختم کرنا ہو گا جو اسکول سے مسلسل 15 دِن یا اس سے زیادہ عرصے کیلئے غیر حاضر ہے ۔ طالبعلم کی واپسی کے بعد، اسے دوبارہ اسکول میں داخل کرانا ہو گا ۔

**اگر آپ لمبی چھٹیوں پر جانے کا سوچ رہے ہیں تو آپ کو جانے سے کم از کم دو ہفتے پہلے دفتر میں لمبے عرصے کی غیرحاضری کا ایک فارم جمع کرانا لازمی ہے ۔ اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ طالب علم واپس آنے پر اسی کلاس میں واپس داخل کیا جائے گا ۔**

## چھٹی

آپ کے بچے کے ٹرانسپورٹیشن کے طے کردہ معمول میں کسی بھی طرح کی تبدیلی کی صورت میں ، فرنٹ آفس میں ایک نوٹ بھیجنا لازمی ہے ۔ نوٹ نہ ملنے یا فرنٹ آفس میں دوپہر 3:00 بجے تک کوئی بھی اطلاع نہ ملنے کی صورت میں، بچے کو اس کے معمول کے طریقہ کار کے مطابق گھر بھیج دیا جائے گا ۔ طلباء کو کبھی بھی کسی ایسے شخص کے ساتھ جانے نہیں دیا جائے گا جس کا ذکر ایمرجنسی کیئر کارڈ پر نہ کیا گیا ہو سوائے ایسی صورت کے کہ والد یا والدہ میں سے کوئی ایک اسکول میں فون کر کے اس شخص کی تصدیق کر دیں ۔ فرنٹ آفس سے طالب علم کو لے جانے کی صورت میں ، تمام بالغ افراد بشمول والدین کے لیئے بھی ، شناختی کارڈ دکھانا لازمی ہے ۔ 3:30 بجے کے بعد جلدی چھٹی نہیں دی جائے گی ۔

## ایمرجنسی کیئر کارڈ

یہ ایک لازمی فارم ہے جو تمام والدین رجسٹریشن کے وقت یا اسکول کے پہلے دن مکمل کرتے ہیں ۔ ان معلومات سے ہمیں آپ کے بچے سے متعلق کسی ایمرجنسی صورتحال جاننے میں مدد ملتی ہے ۔ تعلیمی سال کے دوران ، معلومات میں کسی بھی طرح کی تبدیلی کی صورت میں ، آپ کو فوری طور پر دفتر میں اطلاع دینا لازمی ہے ۔

## حاضری

### آمد کا وقت

طلباء صبح 9 بجے سے پہلے اسکول نہیں آ سکتے ۔ براہ مہربانی اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کیجیئے کہ وہ روزانہ بس میں سفر کرے تاکہ دیر سے پہنچنے کے امکانات سے بچا جا سکے ۔ بس کی وجہ سے دیر ہوجانے کی صورت میں طلباء کو دیر سے پہنچنے والوں میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

اگر طالب علم 9:15 کے بعد پہنچتا ہے تو والد یا والدہ میں سے کسی ایک کو اسے فرنٹ آفس میں لے کر آنا چاہیئے اور انہیں سائن اِن کریں ۔

### غیرحاضری/ تاخیر

وقت پر باقاعدگی سے پہنچنا طالب علم کی کامیابی کے لیئے انتہائی اہم ہے۔ اگر آپ کا بچہ کسی وجہ سے اسکول سے پورے دِن کیلیئے غیر حاضر ہو گا یا دیر سے اسکول پہنچے گا ، کسی بھی صورت میں غیرحاضری کی درخواست جمع کروانے کے لیئے Coates کی ویب سائٹ پر دیا گیا لنک استعمال کیجیئے یا اسکول کی حاضری لائن (703-713-3030) پر کال کیجیئے ، جہاں چوبیس گھنٹے/ ساتوں دن پیغامات بھیجے جا سکتے ہیں ۔ اگر اسکول کو والد/ والدہ کی جانب سے کوئی بھی کال موصول نہیں ہوتی تو غیر حاضری یا تاخیر بلا عذر تصور کی جائے گی ۔ صبح 10:30 تک اسکول کو غیرحاضری کی اطلاع نہ ملنے کی صورت میں والدین کو خود کار نظام کے ذریعے ریکارڈ کیا گیا پیغام موصول ہوگا ۔

- عذر والی غیرحاضری اور تاخیر - طالبعلم کی بیماری ، خاندان میں کسی کا انتقال ، ڈاکٹر اپائنٹمنٹ اور مذہبی تہوار کی چھٹی ۔ پرنسپل یا ان کے نامزد کرہ اہلکار دیرینہ یا طویل المدت بیماری کی صورت میں ڈاکٹر کا نوٹ طلب کرسکتے ہیں ۔
- بلا عذر والی غیرحاضری اور تاخیر سے پہنچنا — خاندان کے ساتھ سفر ، بچے کی دیکھ بھال کا مسئلہ ، دیر تک سونا ، چھٹیاں ، اسکول سے غیر متعلقہ سرگرمیاں ، ٹریفک یا بس کا چھوٹ جانا ۔ انتظامیہ کی طرف سے دیرینہ غیرحاضریوں سے متعلق رسمی طور پر کارروائی کرنی ضروری ہے ۔

**براہ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ بیماری کی عذر والی 10 چھٹیوں کے بعد ، مستقبل میں 3 دنوں سے زیادہ غیرحاضری کی صورت میں بیماری کی چھٹی کیلئے ڈاکٹر کا نوٹ درکار ہوگا ۔**

Coates ES
Lutie Lewis Coates
Elementary School

**Coates Elementary**
**2480 River Birch Road**
**Herndon, VA 20171**
**(703) 713-3000**

**اسکول کے رنگ: نیلا اور پیلا**
**علامتی نشان: راکی دی اسٹار**

**Paul Basdekis، پرنسپل**
pdbasdekis@fcps.edu

**Jessica King، اسسٹنٹ پرنسپل**
jaking@fcps.edu

**Jenn Gray، اسسٹنٹ پرنسپل**
jlgray@fcps.edu

**Resheeda Hinkson، اسسٹنٹ پرنسپل**
rahinkson@fcps.edu

**براہ راست لائن**
703-713-3000

**حاضری لائن**
703-713-3030

**ہیلتھ روم**
703-713-3010

**والدین کے رابطۂ کار**
703-713-3232

**ویب سائٹ ، فیس بک اور ٹوئیٹر**
www.fcps.edu/CoatesES
www.facebook.com/coateselementary
www.twitter.com/CoatesES

**دفتری اوقات**
**سوموار- جمعہ صبح 8:30 — شام 4:30**

**گھنٹی کے اوقات:**
**سوموار- جمعہ صبح 9:00 — شام 4:00**

# Lutie Lewis Coates والدین کیلئے کتابچہ

اصولوں کا اطلاق گھر پیدل آنے جانے کے دوران بھی ہوتا ہے ۔

### پارکنگ اور بچوں کو لے جانا

ریاست ورجینیا کے قانون کی رو سے ایسی کسی بھی اسکول بس سے گاڑی آگے لے جانا منع ہے جس سے اسکول کے بچوں کو اتارا یا بٹھایا جا رہا ہو۔ ہم اسکول آنے اور چھٹی کے وقت اسکول کے سامنے بسیں کھڑی کرنے والی جگہ پر پارکنگ کی اجازت نہیں دیتے ۔ ان اوقات کے دوران اسکول کے سامنے گاڑی کھڑی کرنے سے گریز کیجیئے:

- صبح 8:30 سے 9:20 پیر - جمعہ
- دوپہر 3:00 بجے کے بعد پیر - جمعہ

## صحت کی سہولیات

**اسکول میں ادویات:** نسخہ جاتی ادویات اور نسخے کے بغیر ملنے والی زیادہ تر ادویات کا کسی بالغ فرد کی سخت نگرانی میں ہونا لازمی ہے۔ اسکول کے عملے کو ادویات کا انتظام سنبھالنے کے حوالے سے بنائے گئے اجازت نامہ فارم اسکول میں اور آن لائن www.fcps.edu/forms پر دستیاب ہیں ۔

**گھر پر کب رکنا چاہیئے:** اگر طالب علم کے چشم پر کوئی دھپڑ ، آنکھوں میں سوجن اور پانی ، بخار ، گلے میں خراش، الٹیاں یا دست آرہے ہیں تو اسے اس وقت تک گھر پر رہنا چاہیئے جب تک ڈاکٹر تصدیق نہ کر دے کہ یہ علامتیں چھوت کی بیماری کی نہیں ہیں ۔ محکمۂ صحت کی طرف سےسفارش کی جاتی ہے کہ اسکول آنے سے پہلے، بچوں کو بخار اترنے کے بعد 24 گھنٹے تک گھر پر رکنا چاہیئے ۔

**ہم آپ کو کب کال کریں گے :** ہمارے اسکول کے ہیلتھ روم کا عملہ لگنے والے امراض کو روکنے اور ان سے محفوظ رکھنے کے لیئے کام کرتا ہے۔ ہم آپ کو کال کریں گے اگر آپ کے بچہ کو:

- 100 ڈگری سے زیادہ کا بخار
- پیٹ میں مسلسل درد
- الٹیاں
- غیرمعولی دھپڑ
- دست
- آنکھوں میں سوجن اور اخراج
- مسلسل کھانسی
- سر دکھنا

ان علامات کے حامل طلباء کو جلد سے جلد آکر لے جانا چاہیئے۔ ہنگامی صورتحال میں رابطہ کے تمام نمبروں کو اپ ڈیٹ رکھیئے ۔

- ڈرائیور کی نشست پر بیٹھے رہیئے ۔ عملے کے ارکان کار کے دروازے پر مدد کرینگے ۔
- دوسری گاڑیوں سے آگے مت جائیے۔
- طلباء کو بسوں کے کھڑی ہونے والی جگہ پر مت اتاریں۔
- اگر آپ اپنے بچے کو صبح 9:15 کے بعد لے کر آتے ہیں تو آپ کو لازماً تاخیر سے آنے والا پاس لینے کیلئے اپنی گاڑی کھڑی کر کے اپنے بچے کو مرکزی دفتر میں خود لے کر آنا چاہیئے ۔

### بس سوار

FCPS ان طلباء کے لیئے بس کی سہولت فراہم کرتا ہے جو اسکول سے ایک میل سے زیادہ دور کے فاصلے پر رہتے ہیں۔ بس سواروں کو ان رہنما اصولوں کی پابندی کرنی چاہئے:

- کسی بھی نجی املاک پر سے گزرنے یا وہاں کھیلنے سے اجتناب کیجیئے ۔
- حفاظتی پیٹرول کے ساتھ تعاون کیجیئے اور بس ڈرائیور کی بات سنیے ۔
- بس پہنچنے والے ٹائم سے 5-10 منٹ پہلے بس اسٹاپ پر پہنچ جائیے ۔
- اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھے رہیے اور بس پر چڑھنے کے بعد آہستہ آواز میں بات کیجیئے ۔
- **اسکول کے بعد، کنڈرگارٹن بچوں کو لینے کیلئے بس اسٹاپ پر کسی بالغ فرد کا موجود ہونا لازمی ہے ۔**

طلباء پر اسکول میں مناسب رویے کے حوالے سے بنائے گئے اصولوں کا اطلاق بس میں سواری کے دوران اور بس اسٹاپ پر بھی ہوتا ہے ۔ اسکول میں برے رویے کو درست کرنے کے حوالے سے اٹھائے جانے والے تادیبی اقدامات کا اطلاق بس میں اور بس اسٹاپ پر بھی کیا جائے گا۔

### پیدل راہگیر

پیدل چلنے والے طلباء کو مقرر کردہ راستوں، سائڈ واکس اور کراس واکس پر چلنا چاہیئے جہاں کراسنگ گارڈ موجود ہوتا ہے ۔ چھٹی کے وقت، تمام پیدل چلنے والے کھیل کے میدان کی طرف والے دروازہ نمبر 3 سے باہر نکلیں گے، اس میں کنڈرگارٹن کے بچے بھی شامل ہیں جہاں سے ان کے والدین انہیں لے جاسکتے ہیں۔ طلباء پر اسکول میں مناسب رویے کے حوالے سے بنائے گئے

### رہائش کی منتقلی

اگر آپ کسی نئی جگہ گھر میں منتقل ہوتے ہیں تو FCPS کی ویب سائٹ پر دیکھیں کہ آپ کا بچہ کونسے اسکول جائے گا ۔ تمام اسکولوں کی متعین کردہ حدود ہوتی ہیں ، اس میں Coates بھی شامل ہے ۔ ایسے والدین جو تعلیمی سال کے دوران حدود سے باہر چلے جاتے ہیں اور پھر بھی Coates میں رہنا چاہتے ہیں ، وہ دفتر کے ذریعے طالب علم کی منتقلی کی ایک درخواست جمع کروا سکتے ہیں، مگر داخلوں کی سطح کے لحاظ سے یہ پرنسپل کی جانب سے نامنظور بھی ہو سکتی ہے ۔

## ٹرانسپورٹیشن

### معمولات اور خاندان کے ساتھ پلان

بچے معمولات پر چلتے رہنے کے عادی ہوتے ہیں ۔ آپ کو صرف بوقت ضرورت ہی ٹرانسپورٹیشن کے معمول میں کوئی تبدیلی کرنی چاہیئے ۔ اگر آپ معمول سے ہٹ کر کوئی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو اپنے بچے کے ٹیچر کو ایک نوٹ بھیجیے اور تبدیلی والی صبح دفتر میں اطلاع دیجیئے ۔

اگر بچہ اپنے کسی دوست کے ساتھ گھر جانا چاہتا ہے تو ہمیں دونوں بچوں کے والدین کی طرف سے ایک نوٹ ملنا چاہیئے ۔ بسوں میں سیٹوں کے لحاظ سے جگہ ہوتی ہے اور اس میں اضافی لوگ سفر نہیں کر سکتے ۔ کھیلنے کیلئے کی جانے والی ملاقاتیں آپ کے بچے کے گھر پہنچنے کے بعد رکھی جانی چاہئیں ۔
اگر آپ ٹرانسپورٹیشن سے متعلق کوئی بھی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ٹرانسپورٹیشن کو 249-7000 (703) پر کال کیجیئے ۔

### کِس اینڈ رائڈ

**(صبح 9:00-9:15 اور سہ پہر 4:00-4:10)**

- جب تک عملے کا کوئی رکن وہاں موجود نہ ہو، اپنے بچے کو مت اتاریئے ۔
- اپنے بچے کو صرف کس اینڈ رائڈ والی جگہ سے ہی لیجیئے اور اتاریئے ۔
- اپنی گاڑی کو جتنا ممکن ہو سکے آگے لائیے اور ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں کے اشاروں پر چلیے ۔
- **صرف** زرد کونز کے سامنے مسافر کی جانب سے اتاریئے اور سوار کیجیئے ۔

# Lutie Lewis Coates والدین کیلئے کتابچہ

ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ اگر آپ کے بچے کے گلے میں خراش، چکن پاکس خسرہ یا کوئی اور لگنے والی بیماری ہے تو اسکول کو اطلاع دیجیئے ۔ بعض دھپڑ ، آشوب چشم ، impetigo (جلد کی متعدی بیماری) ، ringworm (داد کی بیماری) اور scabies (خارش) ایک طالب علم سے دوسرے کو لگ سکتی ہے۔ ایسی علامات رکھنے والے کسی بھی طالب علم کے لیئے اسکول آنے سے پہلے، ڈاکٹر کی طرف سے ایک نوٹ درکار ہو گا جس پر اس بات کی تصدیق کی جانی چاہیئے کہ یہ لگنے والی بیماری نہیں ہے۔ اسکول آنے سے پہلے تمام طلباء کا بخار 24 گھنٹے پہلے اتر جانا چاہیئے ۔

## عام معلومات

### سالگرہ کی تقریب کے دعوت نامے یا دعوت

دعوت نامے اسکول میں تقسیم کیئے جاسکتے ہیں، صرف اس صورت میں کہ اگر آپ کا بچہ اپنی پوری کلاس کو دعوت دے رہا ہے۔ اگر وہ صرف چند طلباء کو بلا رہا ہے تو اسے اسکول میں دعوت نامے بانٹنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ دفتر کو طلباء کے پتے اور فون نمبر دینے کی اجازت نہیں ہے ۔

سالگرہ کی چیزیں انفرادی طور پر ملفوف ہونی چاہئیں ، سربمہر پیکٹ میں بند ہوں ، اس میں میوہ نہیں ہوں اور پوری جماعت کیلئے کافی ہوں ۔ ہم عام میٹھی چیزوں کے برعکس غذایت والے سنیکس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں ۔

سالگرہ کی چیزیں بھیجنے کے بارے میں ٹیچر کے ساتھ پہلے سے معاملات طے کر لیئے جانے چاہئیں۔ بھیجی جانے والی چیزیں لنچ کے دوران کھائی جائیں گی۔ غبارے اور تحائف والے لفافے بھیجنے کی اجازت نہیں ہے ۔

### سیل فونز

اسکول میں سیل فون کی اجازت ہے مگر انہیں بند ہونا چاہیئے اور بیک پیک میں رکھنا چاہیئے ۔

بعض حالات میں ٹیچر کلاس اسائنمنٹ کے لیئے اسمارٹ فون استعمال کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں ۔ اگر فون ٹیچر کی اجازت کے بغیر نکلا تو اسے ضبط کر لیا جائے گا ۔ ضبط شدہ فون صرف والدین ہی آ کر لے جا سکتے ہیں ۔

اسکول میں کسی بھی طرح کی آن لائن سوشل نیٹ ورکنگ کی اجازت نہیں ہے ۔ اسکول میں طالب علم کو اپنے ذاتی فون یا اسکول کی ڈیوائس پر کسی بھی طرح کی سوشل نیٹ ورکنگ کرنے کا نتیجہ بھگتنا پڑے گا جس میں، مگر ان ہی تک محدود نہیں، اس طالب علم کی معطلی یا نیٹ ورک تک رسائی ختم کردینا شامل ہیں ۔

### کلاس کی تقریبات

ہم ہر کلاس کو سال میں دو تقریبات منعقد کرنے کی اجازت دیتے ہیں ۔ والدین سے اکثر چیزیں لانے اور تقریب میں ہونے والی سرگرمیوں میں مدد کرنے کی گزارش کی جاتی ہے ۔ تفصیلات کے لیئے اپنے بچے کے ٹیچر سے رابطہ کیجیئے ۔

### لباس کے قواعد

تمام طلباء سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ایسا لباس پہنیں گے جو K-6 کے تعلیمی ماحول کے لیے موزوں ہے۔ ایسا لباس جس سے تعلیمی ماحول میں خلل یا انتشار پھیلتا ہو، نا قابل قبول ہے ۔ طلباء کو اسکو ل کی عمارت کے اندر ٹوپیاں اور hoods (قمیض سے جڑی ٹوپی) پہننے کی اجازت نہیں ہے ۔ لباس جسم کے مطابق ، صاف ستھرا ہونا چاہیے اور تحفظ، اچھے ذوق اور شائستگی کے معیار پر پورا اترنا چاہیے اور کمر اور سینے کا درمیانی حصہ اور زیر جامہ نظر نہیں آنا چاہیئے ۔ لباس کے قواعد سے متعلق اضافی تفصیلات کے لیئے ریگولیشن 2613 کا حالیہ نسخہ ملاحظہ کیجیئے ۔ طالب علم کے نامناسب لباس میں ہونے کی صورت میں ، ہم والدین سے توقع کریں گے کہ وہ اسکول میں دوسرے کپڑے لے کر آئیں ۔

### فیلڈ ٹرپس

تعلیمی سال کے دوران، کلاسیں ایسے فیلڈ ٹرپس کر سکتی ہیں جن کا تعلق براہ راست باقاعدہ تدریسی پروگرام سے ہوتا ہے۔ والدین کے لیئے لازمی ہے کہ وہ اجازت والی پرچی فیلڈ ٹرپ کے مقررہ دن سے پہلے واپس بھیج دیں ۔ ہم زبانی اجازت قبول نہیں کر سکتے ۔ **حفاظت اور انشورنس کی وجہ سے، چھوٹے بھائی بہن طلباء کی نگرانی کرنے والے والدین کے ساتھ فیلڈ ٹرپس پر نہیں جا سکتے ۔** زیادہ تر فیلڈ ٹرپس کے لیئے ادائیگی کرنی پڑتی ہے جسے ہر گھرانے کے لیئے ادا کرنا لازمی ہے ۔ بعض حالات میں، مفت اور کم قیمت والے لنچ کے اہل طلباء کے لیئے ادائیگی میں کمی کی جا سکتی ہے ۔ تاہم ، کسی بھی صورت میں فیلڈٹرپ مفت نہیں ہے ۔ ادائیگی نہ کرنے والے طلباء کو فیلڈ ٹرپس سے نکال دیا جائے گا ۔

### ہوم ورک

اساتذہ بیک ٹو اسکول نائٹ کے دوران والدین کو ، ہوم ورک کی اپنی انفرادی پالیسی کے بارے میں بیان کریں گے ۔

### گم ہو جانے اور مل جانے والی اشیاء

اسکول میں ملنے والی غیر شناخت شدہ تمام اشیاء کو کیفے ٹیریا میں "Lost and Found" والی جگہ پر رکھ دیا جاتا ہے ۔ دھوپ والے چشمے، زیورات اور ملنے والی دوسری چیزیں دفتر میں رکھی جاتی ہیں۔ چیزوں کے گم ہونے سے بچنے اور گمشدہ اشیاء کو ڈھونڈنے میں مدد کرنے کیلئے، اتار کر رکھنے والے تمام کپڑوں ، جوتوں ، لنچ باکس وغیرہ پر مالک کے نام کی پٹی لگائیے ۔ سال کے آخر میں ایسی تمام چیزوں کو فلاحی اداروں کو عطیہ کر دیا جاتا ہے جنکا کوئی دعویدار نہ ہو ۔

### لنچ پروگرام

طلباء یا تو اپنا لنچ لا سکتے ہیں یا پھر اسکول میں خرید سکتے ہیں ۔ اس سال کی قیمتیں:

| طلباء | ناشتہ | لنچ |
|---|---|---|
| ادائیگی | $1.75 | $3.25 |
| کم قیمت | بلاادائیگی | بلاادائیگی |

| بالغ افراد | ناشتہ | لنچ |
|---|---|---|
| ادائیگی | $2.35 | $4.50 |

**ادئیگی کیسے کی جائے:**

**آن لائن:** www.MySchoolBucks.com. یہ ایک مفت سروس ہے۔ اکاؤنٹ میں پڑی ہوئی رقم کسی بھی وقت دیکھی جا سکتی ہے ۔

**چیک:** چیک Coates Food Services کے نام لکھ کر بھیجیے ۔ لفافے پر بچے کا پہلا اور آخری نام ، گریڈ لیول اور ٹیچر کا نام تحریر کیجیئے ۔ صرف کھانے خریدنے کی صورت میں نشاندہی کیجیئے ۔

# Lutie Lewis Coates والدین کیلئے کتابچہ

**نقد:** والدین اپنے بچے کے اکاؤنٹ میں پیسے جمع کروا سکتے ہیں ایسا کرنے کیلئے پیسے ایک لفافے میں ڈالیے اور اس پر اپنے بچے کا پہلا اور آخری نام ، گریڈ لیول اور ٹیچر کا نام لکھ کر بھیج دیجیئے۔

## مفت اور کم قیمت والے کھانے

فوڈ اینڈ نیوٹریشن سروسز درخواست کے فارم تمام گھرانوں کو اگست میں ارسال کرتا ہے ۔ فارم اکتوبر تک جمع کرانے ضروری ہیں ۔ ایسے خاندان جو اہلیت رکھتے ہیں انہیں ہر سال درخواست جمع کرانی لازمی ہے ۔ کوئی استثنیٰ نہیں ۔

## والدین / ٹیچر کے اجلاس

والدین / ٹیچر کے اجلاس پہلے گریڈنگ پیریڈ کے آخر میں اور سال کے دوران کسی بھی وقت ، ٹیچر یا والدین کی جانب سے گزارش کیئے جانے پر، منعقد کیئے جاتے ہیں ۔ کانفرنس طے کرنے کے لیئے ٹیچر سے رابطہ کیجیئے ۔ تمام اساتذہ کے ای میل Coates کی ویب سائٹ پر موجود ہیں ۔

## ممنوعہ اشیاء

براہ مہربانی اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے پاس اسکول میں کوئی بھی "دکھاوے والی" چیز نہیں ہے، جیسے کہ نقلی بندوقیں، چھریاں وغیرہ۔ بچوں کو اسکول میں کھلونے لانے کی اجازت نہیں ہے سوائے اس کے کہ کلاس روم ٹیچر کی طرف سے لانے کا کہا گیا ہو۔

## SACC

اسکول جانے والی عمر کے بچوں کی دیکھ بھال کا پروگرام فیئرفیکس کاؤنٹی کی جانب سے ایک تفویض کردہ پروگرام ہے جس کے ذریعے اسکول کے اوقات سے پہلے اور/ یا بعد میں بچوں کو پیشہ ورانہ دیکھ بھال فراہم کی جاتی ہے۔ جبکہ SACC پروگرام ہمارے اسکول میں ہی پیش کیا جاتا ہے ، تاہم SACC ایک علیحدہ پروگرام ہے اور اس کا اپنا عملہ، توقعات اور قواعد و ضوابط ہیں ۔ Coates کے SACC پروگرام کا براہ راست نمبر (703) 713-3060 ہے ۔ درخواستیں اور رجسٹریشن بچوں کے دفتر کے ذریعے جمع کرائی جانی چاہئیں اور اس کا نمبر (703) 449-8989 ہے ۔

## طلباء کے حقوق اور ذمہ داریاں

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز میں طلباء کے قانونی حقوق اور ذمہ داریاں اور طرز عمل کے ضابطے اور نظم و ضبط سے متعلق قواعد و ضوابط، جن کا اطلاق طلباء پر ہوتا ہے، ریگولیشن 2601 کے حالیہ نسخے (طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں کا کتابچہ) میں بیان کیئے گئے ہیں ، جو ہر طالب علم کو اگست میں بانٹے جاتے ہیں ۔

سال کے شروع میں، انتظامیہ اور اساتذہ کلاس روم میں کاؤنٹی اور اسکول کے قوانین کے حوالے سے بنائے گئے اسباق بیان کرتے ہیں اور ان قوانین پر وقتاً فوقتاً نظرثانی کی جاتی ہے ۔ والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ان قوانین کے بارے میں جانیں اور ان کی پاسداری کریں کیونکہ یہ اسکول میں ایک اچھے شہری بننے کی ضمانت ہے ۔

## جمعرات فولڈرز

جمعرات کو گھر لے جانے والے فولڈرز میں اسکول اور گھر کے درمیان رابطے کی اہم چیزیں ہوتی ہیں ۔ اس لفافے میں طالب علم کے کام کے نمونے اور ٹیچر کی جانب سے پیش رفت کی تفصیلات شامل ہوتی ہیں ۔ اپنے بچے کی پیش رفت کے بارے میں با خبر رہنے کے لیئے گھر بھیجے جانے والے کام کا جائزہ لینا ایک اچھا طریقہ ہے ۔ یہ فولڈرز ہر ہفتے ٹیچر کو واپس کئے جائیں ۔

اس کے علاوہ ، اسکول اور PTA کی تقریبات کے بارے میں اشتہار بھی ان جمعرات والے فولڈرز میں بھیجے جائیں گے ۔ ایک دفعہ پرنسپل کی جانب سے منظوری مل جانے کے بعد ، طالب علم کے جمعرات والے فولڈر میں کمیونٹی سے متعلق معلومات ، بشمول فلائیر ، طے شدہ شیڈول (سہ ماہی ) کے مطابق گھر بھیجے جاتے ہیں ۔

## اسکول میں آ کر ملنا:

اسکول بورڈ پالیسی کی رُو سے تمام ملاقاتی حضرات کے لیئے اسکول آنے پر دفتر میں رپورٹ کرنی لازم ہے ۔ سائن اِن کرتے وقت شناختی کارڈ ضروری ہے۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اسکول آئیں، مگر براہ مہربانی اس بات یاد رہے کہ بغیر طے کی گئی ملاقاتوں کی وجہ سے خلل پیدا ہو سکتا ہے ۔ والدین کو اساتذہ سے ملاقات پہلے سے طے کر لینی چاہیئے ۔ والدین بغیر وقت طے کیئے کسی بھی دن اپنے بچے کے ساتھ کیفےٹیریا میں آ کر لنچ کر سکتے ہیں۔ ہم کنڈرگارٹن جانے والے بچوں کے والدین سے گزارش کرتے ہیں کہ لنچ کے دوران ملاقاتوں کے لیئے ٹیچر کی ہدایات پر عمل کیجیئے ۔

## رضاکار

Coates اور FCPS کی کامیابی کے لیئے رضاکار افراد اہمیت کے حامل ہیں ۔ رضاکاروں کو نہ صرف خوش آمدید کہا جاتا ہے بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے طلباء کے تعلیمی عمل میں شامل ہوں ۔ **رضاکاروں کو اپنی رضاکارانہ سرگرمیوں کے دوران ، اپنے چھوٹے بچے ، جو ابھی اسکول جانے کی عمر کے نہیں ہیں ، ساتھ نہیں لانے چاہئیں ۔** اسکول کی عمارت میں داخل ہوتے وقت، رضاکاروں کو ایک بیج لینے کے لیئے فرنٹ آفس میں سائن اِن کرنا ضروری ہے اور عمارت سے باہر جاتے ہوئے سائن آؤٹ کرنا لازمی ہے ۔ ہم تمام رضاکاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ PTA میں شامل ہوں ۔

## وسائل وماخذ

والدین اسکول میں ہونے والی تقریبات اور واقعات کے بارے میں حالیہ خبریں درج ذیل ذرائع کے ذریعے حاصل کر سکتے ہیں:

- **Coates کا جمعرات فولڈر:** اپنے بچے کا فولڈر ہر ہفتے چیک کیجیئے۔
- **Coates کی ویب سائٹ:** www.fcps.edu/coateses
- **News You Choose** ای میل سسٹم ۔ Coates کی ویب سائٹ پر جا کر ان پیغامات کیلئے یہاں سائن اِن کیجیئے ۔
- **Coates فیس بک پیج:** www.facebook.com/coateselementary